289178- بغیر شہوت کے منی خارج ہونے سے روزہ فاسد نہیں ہوتا۔

سوال

رمضان میں شہوت کی بنا پر منی خارج کرنے سے روزہ فاسد ہوجاتا ہے، لیکن کیا کسی اور وجہ سے انسان منی خارج کردے تو کیا اس سے بھی روزہ فاسد ہوجائے گا؟ میرے ساتھ کچھ یوں ہوا کہ میرا پیپر تھا اور نگران خاتون نے کہنا شروع کردیا کہ باقی صرف تین منٹ رہ گئے ہیں، تو وقت کم رہ جانے کی وجہ سے مجھ پر شدید ذہنی دباؤ آیا اور غیر ارادی طور پر میری منی خارج ہو گئی، تو کیا میرا روزہ ٹوٹ گیا؟ اور کیا مجھ پر غسل بھی واجب ہوگا؟

جواب کا خلاصہ

رمضان میں شہوت کی بنا پر منی خارج کرنے سے روزہ فاسد ہوجاتا ہے، لیکن کیا کسی اور وجہ سے انسان منی خارج کردے تو کیا اس سے بھی روزہ فاسد ہوجائے گا؟ میرے ساتھ کچھ یوں ہوا کہ میرا پیپر تھا اور نگران خاتون نے کہنا شروع کردیا کہ باقی صرف تین منٹ رہ گئے ہیں، تو وقت کم رہ جانے کی وجہ سے مجھ پر شدید ذہنی دباؤ آیا اور غیر ارادی طور پر میری منی خارج ہو گئی، تو کیا میرا روزہ ٹوٹ گیا؟ اور کیا مجھ پر غسل بھی واجب ہوگا؟

پسندیدہ جواب

بیداری کی حالت میں منی اگر شہوت کے ساتھ خارج ہو تو پھر غسل واجب ہوتا ہے اور روزہ فاسد ہوجاتا ہے۔

لیکن اگر بغیر شہوت کے خارج ہوچاہے اس کا سبب بیماری ہو یا سردی وغیرہ تو اس پر جمہور فقہائے کرام کے ہاں کوئی حکم لاگو نہیں ہوتا۔

جبکہ فقہائے کرام وجوب غسل اور روزہ فاسد ہونے کے درمیان فرق کرتے ہیں، جیسے کہ شافعی فقہائے کرام ہیں، ان کے ہاں بغیر شہوت کے منی خارج ہونے سے غسل تو واجب ہو جاتا ہے لیکن روزہ فاسد نہیں ہوتا۔

جیسے کہ علامہ دردیر رحمہ اللہ "الشرح الکبیر" (523/1) میں کہتے ہیں :
"[اور روزہ اس وقت صحیح ہوگا جب] بیداری کی حالت میں معمول کی لذت کے ساتھ منی خارج نہ کرے۔۔۔ [اور اگر منی نکلتے ہوئے] لذت بالکل نہ ہو یا معمول کے مطابق نہ ہو۔ [تو اس کا روزے پر منفی اثر نہیں ہوگا]" ختم شد

ابن قدامہ رحمہ اللہ کہتے ہیں :
"اگر کوئی شخص ہاتھ سے منی خارج کردے تو اس نے ایک حرام کام کا ارتکاب کیا ہے، تاہم اس کا روزہ اسی وقت فاسد ہوگا جب منی خارج ہوجائے، لہذا منی خارج ہونے پر اس کا روزہ فاسد ہوجائے گا؛ کیونکہ یہ عمل بھی شہوت کو برانگیخت کرنے میں بوس وکنار کی طرح ہے۔ لیکن اگر بغیر شہوت کے انزال ہوجائے جیسے کہ بیماری کی وجہ سے منی یا مذی خارج ہوجاتی ہے تو اس پر کچھ نہیں ہے؛ کیونکہ یہ منی شہوت کے بغیر خارج ہوئی ہے، اس کا حکم پیشاب جیسا ہے۔ نیز یہ بھی ہے کہ ایسی منی بلا اختیار نکل جاتی ہے، انسان کا اس میں کوئی کردار نہیں ہوتا، تو اس طرح یہ احتلام کے مشابہ بھی ہوئی۔" ختم شد
"المغنی" (128/2)

جواب کا خلاصہ :

اگر منی آپ کے اختیار کے بغیر ہی نکل گئی، یا لذت کے بغیر نکلی تو اس سے روزہ فاسد نہیں ہوگا، جبکہ غسل کے بارے میں جمہور فقہائے کرام کا موقف یہ ہے کہ : اگر منی شہوت کے بغیر نکلے تو غسل واجب نہیں ہوگا، تاہم پھر بھی اگر وہ غسل کر لے تو یہ اچھا اور محتاط عمل ہوگا۔

مزید کے لیے آپ سوال نمبر : (47693) کا جواب ملاحظہ کریں۔

واللہ اعلم